DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 17.09.2024

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
| --- | --- | --- |
| 01 | دنیا وآخرت میں کامیابی محمد ﷺ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے میں ہے، گورنر وزیر اعلیٰ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | وزیر بلدیات سردار سرفراز خان ڈومکی انتقال کر گئے تدفین آج ہوگی، گورنر وزیر اعلیٰ اور صوبائی وزراء کا اظہار افسوس | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | علماء ومشائخ فرقہ واریت نفرتوں اور دہشتگردی کے خاتمے کیلئے حکومت کا ساتھ دیں، صوبائی وزراء | جنگ ودیگر اخبارات |
| 04 | نبی کریم ﷺ تمام جہانوں کیلئے رحمت بنا کر بھیجے گئے، سردار کھیتران | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | معیاری تعلیم کا فروغ حکومت کی اولین ترجیح ہے، راحیلہ درانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | سیف سٹی پروجیکٹ عوام کیلئے تحفظ کا باعث ہوگا، معظم جاہ انصاری | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | بلوچستان رواں برس کوئلہ کانوں میں حادثات سے 52 محنت کش لقمہ اجل بنے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | الیکشن ٹربیونل ون نے پی بی 45 سے کامیابی کالعدم قرار دیدی سپریم کورٹ کا پی بی 36 قلات میں دوبارہ پولنگ کا حکم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | سائنس کالج میں آتشزدگی واقعہ میں تمام ریکارڈ محفوظ رہا ایڈیشنل سیکرٹری کالجز | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | وفاق اور صوبائی حکومتوں سے سالانہ ترقیاتی پلان کی سمری طلب | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 11 | کوئٹہ جشن عید میلاد النبی ﷺ کا مرکزی جلوس برآمد ہوگا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | گوادر ملا فاضل چوک اسکیم کے متاثرین کو متبادل دکانیں فراہم کی جائیں گی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | آئینی ترامیم کے ذریعے عدلیہ پر قدغن قبول نہیں، بلوچستان بار کونسل | سینچری ودیگر اخبارات |
| 14 | چمن پرلت کے مطالبات فوری طور پر تسلیم کئے جائیں، پشتونخوامیپ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | استعفے پر خوشی بل کے حق میں ووٹ دینے پر مجبور کیا جارہا تھا، اختر مینگل | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

فائرنگ میں دو جاں بحق بس الٹ گئی 14 فورسز اہلکار زخمی

## عوامی مسائل:

تنخواہوں اور پنشن میں تاخیر جامعہ بلوچستان کے ملازمین ایک بار پھر سراپا احتجاج، آفت زدہ قلعہ سیف اللہ کے متاثرین دفاتر کے چکر لگانے پر مجبور

CS CamScanner

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

مورخہ 17.09.2024

**اداریہ:**

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے "**گوادر پورٹ فعال**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو جوشاندار محل وقوع اور بیش خدمت وسائل عطا کئے ہیں، ان میں تقریباً ایک ہزار میل طویل ساحل سمندر بھی ہے۔ جس میں سے 770 میل صرف بلوچستان کی حدود میں واقع ہے۔ گوادر ابتدا میں ماہی گیروں کی بستی تھی۔ پاک چین اقتصادی راہداری (سی پیک) کی بدولت اب یہ ایک عظیم بندرگاہ کی شکل اختیار کر چکا ہے جو ابھی تک بین الاقوامی تجارت کیلئے اپنی وسیع گنجائش کے باوجود فعال نہیں ہوسکتی۔ جمعرات کو وفاقی کابینہ نے وزارت بحری امور کی سفارش پر تمام سرکاری اداروں کو گندم، چینی اور کھاد سمیت اپنی 50 فیصد درآمدات گوادر پورٹ کے ذریعے اندرون ملک پہنچانے کا انتظام کرنے کی منظوری دی اور ہدایت بھی کی کہ مستقبل میں اس بندرگاہ سے برآمدت کی شرح بھی بڑھائی جائے۔ ایک ذیلی کمیٹی تشکیل دی گئی جو گوادر سے درآمدات و برآمدات کی سہ ماہی رپورٹ کابینہ کو پیش کرے گی۔ گوادر بلوچستان کا علاقہ تھا جو قیام پاکستان کے وقت خلیجی ریاست اومان کے پاس تھا۔ 1958ء میں اس وقت کے وزیر اعظم ملک فیروز خان نون نے اسے خرید کر پاکستان میں شامل کیا۔

**اداریے:**

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے "**بس حادثہ**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Plastic Pollution in Quetta" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 17 SEP 2024

Page No. 1


# دنیا و آخرت میں کامیابی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے میں ہے، گورنر، وزیر اعلیٰ

## ملت اور امت کو درپیش مسائل و مشکلات سے چھٹکارا پانے کیلئے ان کی زندگی ہی ہم سب کیلئے روشن ماڈل ہے، جعفر مندوخیل کا پیغام

## آپ کی آمد سے دنیا سے جہالت کی تاریکی کے خاتمے کی ابتدا ہوئی، آج مسلمانوں کیلئے نہیں کائنات اور انسانیت کیلئے عظیم دن ہے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (ج ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے عید میلاد النبیؐ کے موقع پر ایک پیغام میں کہا ہے کہ ہم بحیثیت مسلمان 12 ربیع الاول کے اس بابرکت دن کو پوری انسانیت کے عظیم ترین پیغمبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کی یاد مناتے ہیں۔ وہ تمام انسانوں کیلئے تا قیامت رحمت العالمین اور مشعل راہ ہیں، محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات سے آج بھی ہماری زندگی نیکی اور تقویٰ سے معمور ہو سکتی ہے۔ ملت اور امت کو درپیش مسائل و مشکلات سے چھٹکارا پانے کیلئے ان کی زندگی ہی ہم سب کیلئے روشن ماڈل ہے۔ انکی شفقت، حکمت اور قیادت نے دنیا کو وحدانیت، سماجی انصاف اور دیرپا امن کی جانب مدد و رہنمائی کی۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں یہ دعا کرنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ دنیا کے تمام مسلمانوں میں مکمل اتحاد، اتفاق اور یکجہتی پیدا فرمائے تاکہ ایک ملت واحدہ کی طرح متحد ہو جائیں۔ جشن عید میلاد النبیؐ کے موقع پر یہ بھی ضروری ہے کہ ہم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات پر غور کریں، یتیموں اور غریبوں کو مالی معاونت فراہم کریں اور آپ کے عظیم کردار اور تعلیمات پر مکمل پیرا ہونے کی بھرپور کوشش کریں۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ہم بلا رنگ و نسل تمام انسانوں میں محبت، بھائی چارہ، بردباری اور نیکی کو پھیلائیں، گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل نے دعا کی کہ اللہ کی رحمتیں نازل ہوں، محمد عربی اور ان کی آل پر۔ پروردگار ہمیں نیکی، ہمدردی اور خیر و مدد کے کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

### عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مناسبت سے گورنر ہاؤس پر چراغاں

کوئٹہ (ج ن) حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت کی مناسبت سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں چراغاں کرنے کا خصوصی اہتمام کیا گیا ہے، ہاؤس کے داخلی و خارجی راستے روشن کیے گئے ہیں اور گورنر ہاؤس کی مسجد کو رنگا رنگ برقی قمقموں سے سجایا گیا ہے۔ جشن میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے موقع پر گورنر ہاؤس کوئٹہ میں چراغاں کا خصوصی اہتمام ہی اتحاد و عقیدت کے جذبے کی عکاسی کرتا ہے۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے اس بابرکت شب کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے لوگوں کو گرمجوشی سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی اور تعلیمات کو یاد کرنے، معاشرے میں امن، محبت، بھائی چارہ اور ہم آہنگی کو فروغ دینے میں ہمارا ساتھ دیں۔

کوئٹہ (ج ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم ولادت النبیؐ کے مبارک موقع پر تمام مسلمانوں کو مبارکباد پیش کی ہے، ایک تہنیتی پیغام میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آج کا دن صرف مسلمانوں کے لئے ہی نہیں بلکہ پوری کائنات اور انسانیت کے لئے عظیم دن ہے کہ آج حضرت محمد رحمۃ اللعالمین بن کر اس دنیا میں تشریف لائے اور ان کی آمد سے دنیا سے جہالت کی تاریکی کے خاتمے کی ابتدا ہوئی، اس مبارک دن پر نبیؐ کے اسوہ حسنہ کی مکمل پیروی، اتحاد و اتفاق اور برداشت کا جذبہ پیدا کرنے کے عزم کی ضرورت ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ دن مسلمانوں کے لئے خاص اہمیت کا حامل ہے اور یہ ہماری خوش بختی ہے کہ ہم اس ہستی کے امتی ہیں جسے خالق کائنات نے تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا، انہوں نے کہا کہ امتی ہونے کے ناطے ہمیں اسوہ حسنہ کی مکمل پیروی کرتے ہوئے اپنے اندر اتحاد، عفو و درگزر، برداشت، مذہبی رواداری جیسے اوصاف کو مزید فروغ دینا چاہئے، انہوں نے کہا کہ حضورؐ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے اور حقیقی فلاحی معاشرہ کی تشکیل ممکن ہو سکتی ہے، وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہم سیرت النبیؐ اور سنت رسولؐ پر عمل پیرا ہو کر اپنی دنیا و آخرت سنوار سکتے ہیں اور اس وقت امت مسلمہ کو جن مشکلات و مصائب کا سامنا ہے ان سے حضورؐ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ہی نمٹا جا سکتا ہے، وزیر اعلیٰ نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہمیں سیدھے رستے پر چلنے اور اپنی زندگیاں حضورؐ کے بتائے ہوئے ضابطہ حیات کے مطابق ڈھالنے کی توفیق عطا فرمائے اور پاکستان کو صحیح معنوں میں ایک اسلامی فلاحی مملکت اور ترقی و خوشحالی کا گہوارہ بنا دے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Daily: MASHRIQ QUETTA

Dated: 17 SEP 2024

Page No. 2


# وزیر بلدیات سردار سرفراز خان ڈومکی انتقال کرگئے، تدفین آج ہوگی

گورنر، وزیراعلیٰ اور صوبائی وزراء کا اظہار افسوس

دو دن قبل اچانک طبیعت خراب ہونے پر کراچی کے نجی اسپتال سے دبئی منتقل کیا گیا، جہاں خالق حقیقی سے جا ملے

مرحوم نے سیاسی اور قبائلی نظام میں ہمیشہ مثبت کردار ادا کیا، گورنر جعفر مندوخیل، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی، میر محمد صادق عمرانی کا اظہار افسوس



بختیارآباد، سبی (نمائندہ مشرق، نامہ نگار) صوبائی وزیر بلدیات سردار سرفراز خان ڈومکی مختصر علالت کے بعد کراچی کے ایک نجی اسپتال میں وفات پاگئے ہیں۔ سردار سرفراز خان ڈومکی عرصہ دراز سے گردوں اور پھیپھڑوں کے مرض میں مبتلا تھے اور پچھلے دو ہفتوں سے ان کی طبیعت اچانک خراب ہوگئی تھی۔........ بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

اور انہیں دبئی لے جایا گیا بعد ازاں طبیعت بہتر ہونے کے بعد انہیں وطن واپس لایا گیا تھا دو دن قبل اچانک طبیعت خراب ہونے کی وجہ سے کراچی کے ایک نجی اسپتال میں داخل کیا گیا جہاں پر سردار سرفراز چاکر خان ڈومکی کی طبیعت زیادہ بگڑنے کی وجہ سے گزشتہ رات انتقال کر گئے ہیں۔ سردار سرفراز خان ڈومکی مرحوم سردار چاکر خان ڈومکی کے بڑے فرزند تھے جو کہ سردار چاکر خان ڈومکی کی وفات کے بعد 2007 میں اقوام ڈومکی کے چیف سردار منتخب ہوگئے تھے۔ سردار سرفراز چاکر خان ڈومکی بلوچستان کے نامور شخصیت نواب محمد اکبر بگٹی کے نواسے۔ سابق سینیٹر میر نبی بخش خان ڈومکی کے داماد تھے۔ سردار سرفراز چاکر خان ڈومکی پہلی بار 2013 کے الیکشن میں بلوچستان صوبائی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے تھے۔ اس کے بعد 2018 اور 2024 میں بلوچستان کے حلقہ پی بی 8 سبی سے پاکستان پیپلز پارٹی کے ٹکٹ پر رکن صوبائی اسمبلی منتخب ہوئے اور موجودہ صوبائی اسمبلی میں صوبائی وزیر بلدیات کی قلمدان ان کے پاس تھی۔ اس سے پہلے سردار سرفراز چاکر خان ڈومکی مختلف ادوار میں وہ حکومت اور اپوزیشن کا حصہ رہے ہیں اور ایس اینڈ جی اے ڈی سمیت دیگر محکموں کے صوبائی وزیر رہے ہیں۔ 2024 کے عام انتخابات میں سردار میر سرفراز چاکر ڈومکی سبی کم لہڑی پی بی 08 کی صوبائی اسمبلی کی نشست پر بھاری اکثریت سے رکن صوبائی اسمبلی منتخب ہوئے تھے سردار سرفراز چاکر خان ڈومکی کی وفات کی خبر ملک بھر میں جنگل میں آگ کی طرح پھیل گئی اور ان کے آبائی حلقے لہڑی، بختیارآباد، سبی، نصیرآباد، جعفرآباد سمیت سندھ اور بلوچستان کے متعدد شہروں میں

سوگ کا سماں ہے اور مختلف شہروں میں کاروباری مراکز بند ہیں۔ اس سے قبل بلوچستان کی پہلی صوبائی اسمبلی کے عام انتخابات جو کہ 1970 میں ہوئے تھے سردار سرافراز چاکر خان ڈومکی کے والد مرحوم سردار چاکر خان ڈومکی نے سابق وزیراعظم پاکستان مرحوم میر ظفر اللہ خان جمالی کو شکست دے کر رکن صوبائی اسمبلی منتخب ہوئے تھے۔

# جشن عید میلاد النبیؐ پر ہمیں نبی کریمؐ کی تعلیمات پر عمل کرنیکا عہد کرنا ہوگا

گورنر، وزیراعلیٰ

محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات سے آج بھی ہماری زندگی نیکی اور تقویٰ سے معمور ہوسکتی ہے، جعفرخان مندوخیل

حضرت محمد رحمتہ اللعالمین بن کر دنیا میں تشریف لائے اور ان کی آمد سے جہالت کی تاریکی کے خاتمے کی ابتدا ہوئی، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے عید میلادالنبی کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ ہم بحیثیت مسلمان 12 ربیع الاول کے اس بابرکت دن کو پوری انسانیت کے عظیم ترین پیغمبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کی یاد مناتے ہیں۔ وہ تمام انسانوں کیلئے تاقیامت رحمت العالمین اور مشعل راہ ہیں. محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات سے آج بھی ہماری زندگی نیکی اور تقویٰ سے معمور ہوسکتی ہے. ملت اور امت کو درپیش مسائل ومشکلات سے چھٹکارا پانے کیلئے ان کی زندگی ہی ہم سب کیلئے روشن ماڈل ہے۔ انکی شفقت، حکمت........ بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

اور قیادت نے دنیا کو وحدانیت، سماجی انصاف اور دیرپا امن کی جانب مدد و رہنمائی کی۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں یہ دعا کرنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ دنیا کے تمام مسلمانوں میں مکمل اتحاد، اتفاق اور یکجہتی پیدا فرمائے تاکہ ایک ملت واحدہ کیطرح متحد ہو جائیں. جشن عید میلادالنبی کے موقع پر یہ بھی ضروری ہے کہ ہم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات پر غور کریں، یتیموں اور غریبوں کو مالی معاونت فراہم کریں اور آپ کے عظیم کردار اور تعلیمات پر مکمل پیرا ہونے کی بھرپور کوشش کریں۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ہم بلا رنگ و نسل تمام انسانوں میں محبت، بھائی چارہ، بردباری اور نیکی کو پھیلائیں، گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے دعا کی کہ اللہ کی رحمتیں نازل ہوں محمد عربی اور ان کی آل پر۔ پروردگار ہمیں نیکی، ہمدردی اور خیر و مدد کے کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے - دریں اثناء۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم ولادت النبی کے مبارک موقع پر تمام مسلمانوں کو مبارکباد پیش کی ہے، اپنے ایک تہنیتی پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ آج کا دن صرف مسلمانوں کے لئے ہی نہیں بلکہ پوری کائنات اور انسانیت کے لئے عظیم دن ہے کہ آج حضرت محمد رحمتہ اللعالمین بن کر اس دنیا میں تشریف لائے اور ان کی آمد سے دنیا

سے جہالت کی تاریکی کے خاتمے کی ابتدا ہوئی، اس مبارک دن پر نبی کے اسوہ حسنہ کی مکمل پیروی، اتحاد واتفاق اور برداشت کا جذبہ پیدا کرنے کے عزم کی ضرورت ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ دن مسلمانوں کے لئے خاص اہمیت کا حامل ہے اور یہ ہماری خوش بختی ہے کہ ہم اس ہستی کے امتی ہیں جسے خالق کائنات نے تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا، انہوں نے کہا کہ امتی ہونے کے ناطے ہمیں اسوہ حسنہ کی مکمل پیروی کرتے ہوئے اپنے اندر اتحاد، عفو و درگزر، برداشت، مذہبی رواداری جیسے اوصاف کو مزید فروغ دینا چاہئے، انہوں نے کہا کہ حضور کی تعلیمات پر عمل پیرا ہوکر دنیا وآخرت میں کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے اور حقیقی فلاحی معاشرہ کی تشکیل ممکن ہوسکتی ہے، وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم سیرت النبی اور سنت رسول پر عمل پیرا ہوکر اپنی دنیا وآخرت سنوار سکتے ہیں اور اس وقت امت مسلمہ کو جن مشکلات ومصائب کا سامنا ہے ان سے حضور کی تعلیمات پر عمل پیرا ہوکر ہی نمٹا جاسکتا ہے، وزیراعلیٰ نے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں سیدھے رستے پر چلنے اور اپنی زندگیاں حضور کے بتائے ہوئے ضابطہ حیات کے مطابق ڈھالنے کی توفیق عطا فرمائے، اور پاکستان کو صحیح معنوں میں ایک اسلامی فلاحی مملکت اور ترقی وخوشحالی کا گہوارہ بنادے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3

روزنامہ ایکسپریس سنچری کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 22 شمارہ 275 | منگل، 12 ربیع الاول، 17 ستمبر 2024، صفحات 8 قیمت 40 روپے

وزیراعلیٰ گورنر

# نبی کریمؐ کی تعلیمات کی پیروی میں دنیا و آخرت کی کامیابی ہے

## آج کا دن پوری کائنات کیلئے عظیم دن ہے، نبی کریم کی آمد سے جہالت کی تاریکیاں ختم ہوئیں، میر سرفراز بگٹی

## اس مبارک موقع پر آپ کے اسوہ حسنہ پر مکمل عمل اور اتحاد و اتفاق کا جذبہ پیدا کرنے کے عزم کی ضرورت ہے، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور گورنر جعفر خان مندوخیل نے یوم ولادت النبی کے مبارک موقع پر تمام مسلمانوں کو مبارکباد پیش کی ہے، اپنے تہنیتی پیغامات میں انہوں نے کہا ہے کہ آج کا دن صرف مسلمانوں کے لئے ہی نہیں بلکہ پوری کائنات اور انسانیت کے لئے عظیم دن ہے کہ آج حضرت محمد رحمۃ العالمین بن کر اس دنیا میں تشریف لائے اور ان کی آمد سے دنیا سے جہالت کی تاریکی کے (باقی صفحہ 5 نمبر 4)

خاتمے کی ابتدا ہوئی، اس مبارک دن پر نبی کے اسوۃ حسنہ کی مکمل پیروی، اتحاد و اتفاق اور برداشت کا جذبہ پیدا کرنے کے عزم کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن مسلمانوں کے لئے خاص اہمیت کا حامل ہے اور یہ ہماری خوش بختی ہے کہ ہم اس ہستی کے امتی ہیں جسے خالق کائنات نے تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا، انہوں نے کہا کہ امتی ہونے کے ناطے ہمیں اسوۃ حسنہ کی مکمل پیروی کرتے ہوئے اپنے اندر اتحاد، عفو و درگزر، برداشت، مذہبی رواداری جیسے اوصاف کو مزید فروغ دینا چاہیے، انہوں نے کہا کہ حضور کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے اور حقیقی فلاحی معاشرہ کی تشکیل ممکن ہو سکتی ہے، انہوں نے کہا کہ ہم سیرت النبی اور سنت رسول پر عمل پیرا ہو کر اپنی دنیا و آخرت سنوار سکتے ہیں اور اس وقت امت مسلمہ کو جن مشکلات و مصائب کا سامنا ہے ان سے حضور کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ہی نمٹا جا سکتا ہے، انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہمیں سیدھے رستے پر چلنے اور اپنی زندگیاں حضور کے بتائے ہوئے ضابطہ حیات کے مطابق ڈھالنے کی توفیق عطا فرمائے، اور پاکستان کو صحیح معنوں میں ایک اسلامی فلاحی مملکت اور ترقی و خوشحالی کا گہوارہ بنا دے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 4

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد حیدر امین

جلد 79 | منگل 7 ستمبر 2024ء 12 ربیع الاول 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 256

# حضور پاکؐ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ہی فلاحی معاشرہ کی تشکیل ممکن ہو سکتی ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

## آج کے دن حضرت محمدؐ رحمتہ اللعالمین بن کر اس دنیا میں تشریف لائے اور ان کی آمد سے دنیا سے جہالت کی تاریکی کے خاتمے کی ابتدا ہوئی

## نبیؐ کے اسوہ حسنہ کی مکمل پیروی، اتحاد و اتفاق اور برداشت کا جذبہ پیدا کرنے کے عزم کی ضرورت ہے یہ دن مسلمانوں کے لئے خاص اہمیت کا حامل ہے

کوئٹہ (اے این این) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم ولادت النبی کے مبارک موقع پر تمام مسلمانوں کو مبارکباد پیش کی ہے، اپنے ایک تہنیتی پیغام میں وزیر اعلیٰ نے کہا ہے کہ آج کا دن صرف مسلمانوں کے لئے ہی نہیں بلکہ پوری کائنات اور انسانیت کے لئے عظیم دن ہے کہ آج کے دن حضرت محمدؐ رحمتہ اللعالمین بن کر اس دنیا میں تشریف لائے اور ان کی آمد سے دنیا سے جہالت کی تاریکی کے خاتمے کی ابتدا ہوئی، اس مبارک دن پر نبی کے اسوہ حسنہ کی مکمل پیروی، اتحاد واتفاق اور برداشت کا جذبہ پیدا کرنے کے عزم کی ضرورت ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ دن مسلمانوں کے لئے خاص اہمیت کا حامل ہے اور یہ ہماری خوش بختی ہے کہ ہم اس ہستی کے امتی ہیں جسے خالق کائنات نے تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا، انہوں نے کہا کہ امتی ہونے کے ناطے ہمیں اسوہ حسنہ کی مکمل پیروی کرتے ہوئے اپنے اندر اتحاد، عفو و درگزر، برداشت، مذہبی رواداری جیسے اوصاف کو مزید فروغ دینا چاہئے، انہوں نے کہا کہ حضور کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے اور حقیقی فلاحی معاشرہ کی تشکیل ممکن ہو سکتی ہے، وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہم سیرت النبی اور سنت رسول پر عمل پیرا ہو کر اپنی دنیا و آخرت سنوار سکتے ہیں اور اس وقت امت مسلمہ کو جن مشکلات و مصائب کا سامنا ہے ان سے حضور کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ہی نمٹا جا سکتا ہے، وزیر اعلیٰ نے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں سیدھے رستے پر چلنے اور اپنی زندگیاں حضور کے بتائے ہوئے ضابطہ حیات کے مطابق ڈھالنے کی توفیق عطا فرمائے، اور پاکستان کو صحیح معنوں میں ایک اسلامی فلاحی مملکت اور ترقی وخوشحالی کا گہوارہ بنا دے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan Times

Founded by Syed Faseih Iqbal in 1976

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Rs: 3

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 862 QUETTA Tuesday September 17, 2024 /Rabi ul Awal 12, 1446

# Balochistan minister Sarfaraz Domki loses battle to illness

## PM, President, CM Balochistan condole minister's passing

**Staff Report**

QUETTA: Sardar Sarfaraz Chakar Domki, Balochistan's Provincial Minister for Local Government and Rural Development, passed away on Monday in Karachi after battling lung and kidney disease. He was 55.

Sarfaraz had been undergoing treatment at a private hospital for the past 10 days. His death was confirmed by his family, who shared that the minister had been in critical condition prior to his passing.

Prime Minister Shehbaz Sharif expressed his deep sorrow, describing Sarfaraz as a seasoned politician whose death leaves Balochistan politics bereft of an intellectual leader.

"We share the grief of his family," the prime minister remarked. He also prayed for strength for the bereaved family.

President Asif Ali Zardari also conveyed his condolences, highlighting Sarfaraz's significant contributions to Balochistan's political landscape. The president praised his political service and offered prayers for the departed soul.

Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti has expressed profound grief. In a statement, Bugti described Sarfaraz as a wise and trustworthy politician, as well as an influential tribal leader.

The Chief Minister highlighted Sarfaraz's positive role in shaping Balochistan's political and tribal landscape, noting his active participation as a key member of the current Balochistan Cabinet.

Bugti extended his sympathies to Domki's family, assuring them of his support during this difficult time. He said that Domki was a reliable politician and tribal figure. The CM said that the deceased always played a positive role in the political and tribal system of Balochistan saying that his services would be remembered in the province. Balochistan Chief Minister also prayed Allah Almighty to rest the departed soul in eternal abode with peace and granting courage to bereaved family members.

Sarfaraz Domki, who was the chief of the Domki tribe, secured 27,677 votes in the 2024 Balochistan Assembly elections as a PPP-P candidate. His political career spanned several key positions, including serving as the Provincial Minister for Labour and Management from 2018 to 2023. He also briefly held the post of Provincial Minister for Culture, Archives, and Tourism in 2018.

Sarfaraz had remained a prominent figure in Balochistan's politics since 2013, and his passing marks the end of an influential era for the province. Funeral prayer will be offered at his native town Bakhtiyar Abad.

It should be noted that the Domki family has been elected as members of the provincial assembly every time from 1970 to 2024 and is the only Domki family in Balochistan which has been undefeated till date and the constituency of the Domki family in Balochistan is considered as their legacy. According to family sources, the body of Sardar Sarfraz Chakar Khan Domki will be taken from Karachi to his native city of Lahri today (Tuesday), where he will be buried in his native graveyard after performing his funeral prayers.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 2

Dated: 17 SEP 2024

Page No. 7


# سیف سٹی پروجیکٹ عوام کیلئے تحفظ کا باعث ہوگا، معظم جاہ انصاری

## کیمروں کی تعداد میں اضافہ اور دوسرے فیز پر پیشرفت تیز کرنے کیلئے اقدامات کئے جائیں' آئی جی پولیس کی زیر صدارت اجلاس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری نے کہا ہے کہ کوئٹہ سیف سٹی پراجیکٹ کا بنیادی مقصد امن وامان کے قیام اور عوام کے تحفظ کو یقینی بنانا اور جدید ٹیکنالوجی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے کوئٹہ میں سیکورٹی اور نگرانی کے بنیادی ڈھانچے کو بڑھانا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیف سٹی سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا جس میں ڈی آئی جی کوئٹہ اعتزاز احمد گورایا، اے آئی جی آپریشن محمد عاصم، پراجیکٹ ڈائریکٹر سیف سٹی طارق بزنجو سمیت دیگر نے شرکت کی۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر سیف سٹی نے آئی جی پولیس بلوچستان کو پراجیکٹ کے مختلف شعبہ جات اور کام کی نوعیت پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں دیگر ترقیاتی پراجیکٹس کی وجہ سے کوئٹہ سیف سٹی کے فیڈنگ فائبر کٹ جاتے ہیں جس کی وجہ سے اندرون شہر یا مختلف انٹری پوائنٹس کی فیڈز میں خلل پڑ جاتا ہے اور بسا اوقات مانیٹرنگ متاثر ہو جاتی ہے جس کے لئے کوئٹہ سیف سٹی پراجیکٹ کی ٹیم ان کیمروں کو دوبارہ بحال کرنے کے لئے مسلسل کوشاں رہتی ہے۔ آئی جی پولیس بلوچستان نے ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ سیف سٹی پراجیکٹ کے تحت نگرانی کیمروں کی تعداد مزید بڑھانے کے لئے دوسرے فیز پر پیش رفت تیز کرنے کے لئے اقدامات کریں۔ بلائینڈ اسپاٹس اور زیادہ جرائم والے علاقوں میں کوریج کو وسعت دی جائے تاکہ باقی ماندہ فیڈز کے ذریعے اہداف کو حاصل کیا جاسکے۔ آئی جی پولیس بلوچستان نے ہدایت کی کہ تمام سرویلنس فیڈز اور ہنگامی خدمت کو مربوط کرنے کے لئے پولیس کے دیگر مواصلاتی نظام کو بھی جلد از جلد پراجیکٹ سے منسلک کیا جائے اور مصنوعی ذہانت کے ذریعے ریئل ٹائم مانیٹرنگ کے نظام کو فعال کرتے ہوئے پراجیکٹ کے ثمرات کو مزید نمایاں کیا جائے۔ آئی جی پولیس بلوچستان نے سیف سٹی پراجیکٹ کی مجموعی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پراجیکٹ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی صلاحیتوں میں اضافہ کررہا ہے تاہم اس میں مزید بہتری کی گنجائش موجود ہے۔

# بلوچستان، رواں برس کوئلہ کانوں میں حادثات سے 52 محنت کش لقمہ اجل بنے

## بلوچستان میں کوئلے کی تقریباً 400 کانیں موجود ہیں، جہاں 13 سے 34 برس کی عمر کے کم وبیش ایک لاکھ کان کن کام کرتے ہیں

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) محکمہ معدنیات کے اعداد و شمار کے مطابق رواں سال کے پہلے 7 ماہ میں بلوچستان کی کوئلہ کانوں میں مجموعی طور پر 26 حادثات میں 52 کان کن جاں بحق جب کہ 10 زخمی ہوئے ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق کوئٹہ، ہرنائی اور دکی کی کوئلہ کانوں میں سب سے زیادہ حادثات ہوئے۔ ایک رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں کوئلے کی تقریباً 400 کانیں موجود ہیں، جہاں 13 سے 34 برس کی عمر کے کم وبیش ایک لاکھ کان کن کام کرتے ہیں، جب کہ صرف 12 ہزار کان کن رجسٹرڈ ہیں۔ یہ کانیں ہرنائی، سورینج، دکی، مچ اور چمالانگ وغیرہ میں واقع ہیں، پاکستان کوئلے کے ذخائر کے لحاظ سے دُنیا کا ساتواں بڑا ملک ہے، ملککے چاروں صوبوں میں 185.175 ارب ٹن کے وسیع ذخائر موجود ہیں اور بلوچستان کے پہاڑوں سے نکلنے والے کوئلے کا شمار بہترین کوئلے میں ہوتا ہے۔ اعداد وشمار کے مطابق، بلوچستان کے علاقے، چمالانگ میں کوئلے کا 60 کلومیٹر طویل اور 20 کلومیٹر وسیع ذخیرہ موجود ہے، جس کی مالیت اربوں روپے ہے۔ انگریزوں نے 1923ء میں ایک "مائن ایکٹ" بنایا تھا۔ یہ قانون کم وبیش ایک صدی بعد بھی اپنی اصل شکل میں برقرار ہے، لیکن اس پر پوری طرح عمل درآمد نہیں ہوتا۔ مذکورہ ایکٹ کے تحت، کان کا داخلی راستہ 6X7 فٹ چوڑا ہونا چاہیے، لیکن رقم بچانے کی خاطر اس بات کا خیال نہیں رکھا جاتا، پاکستان میں کوئلے کی کانیں موت کی وادیاں بن چکی ہیں۔ پاکستان کے بعض علاقوں میں کوئلے کی وسیع وعریض کانیں موجود ہیں، جہاں سے حفاظتی تدابیر اختیار کیے بغیر روایتی طریقوں سے کوئلہ نکالا جاتا ہے، جس کے نتیجے میں مزدوروں کی ہلاکت معمول بن چکی ہے۔

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 17 SEP 2024 Page No. 8

## الیکشن ٹریبونل ون نے پی بی-45 سے کامیابی کالعدم قرار دیدی

سپریم کورٹ کا پی بی 36 قلات میں دوبارہ پولنگ کا حکم

جسٹس عبد اللہ بلوچ پر مشتمل بینچ کا پی بی، 45 کوئٹہ کے 15 پولنگ اسٹیشنز میں دوبارہ پولنگ کا حکم

الیکشن عذرداری کیس میں کوئٹہ سے جمعیت کے امیدوار میر عثمان پرکانی کی درخواست پر محفوظ فیصلہ جاری

کوئٹہ (خ ن، این این آئی) بلوچستان ہائیکورٹ کے الیکشن ٹریبونل اکے ... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

جج جسٹس عبد اللہ بلوچ پر مشتمل بینچ میں الیکشن عزرداری کیس حلقہ پی بی-45 کوئٹہ سے میر عثمان پرکانی کی جانب سے انتخابی عذرداری کیس برخلاف علی مدد جتک کامیاب امیدوار کا محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے معزز ٹریبونل نے 15 پولنگ اسٹیشنز میں دوبارہ پولنگ کا حکم سنادیا۔ بلوچستان ہائیکورٹ کے الیکشن ٹریبونل اکے جج جسٹس عبد اللہ بلوچ پر مشتمل بینچ میں الیکشن عزرداری کیس حلقہ پی بی-45 کوئٹہ سے جمیعت علمائے اسلام کے امیدوار میر عثمان پرکانی کی جانب سے پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن وکامیاب امیدوار میر علی مدد جتک (صوبائی وزیر زراعت) کے خلاف دائر کردہ انتخابی عذرداری کیس کا محفوظ فیصلہ سنا دیا، جسکے مطابق معزز ٹریبونل نے تمام گواہان کی بیانات اور ریکارڈ کی جانچ پڑتال کرنے کے بعد اس نتیجے پر پہنچا کہ مدعی کی جانب سے دائر کردہ الیکشن پٹیشن کو منظور کرتے ہوئے صوبائی وزیر علی مدد جتک کی کامیابی کالعدم قرار دے دیا حلقہ پی بی 45 کوئٹہ کے 15 پولنگ اسٹیشنز میں دوبارہ انتخابات کرانے کا حکم۔ علی مدد جتک کی رکنیت ختم ہونے کے ساتھ ساتھ انکی وزارت کا قلمدان بھی واپس لیا جائیگا، مدعی کی جانب سے کیس کی پیروی قاضی نجیب الرحمن اور محمد راشد ایوب، ایڈوکیٹ نے جبکہ میر علی مدد جتک کی جانب سے کیس کی پیروی انکے وکلاء ڈاکٹر بحرام ترین اور جمیل احمد باب، ایڈوکیٹ نے کیا۔

## تحقیقاتی کمیٹی نے رپورٹ پیش کر دی

## سائنس کالج میں آتشزدگی واقعہ میں تمام ریکارڈ محفوظ رہا، ایڈیشنل سیکرٹری کالجز

آگ لگنے کی بنیادی وجہ شارٹ سرکٹ ہے، سائنس کالج میں وقوعہ کے روز آگ رات 2 سے ڈھائی بجے کے درمیان لگی

کالج میں موجود چوکیدار کو جب آگ کا پتہ چلا اور پولیس کنٹرول کو اطلاع کے 15 منٹ بعد فائر بریگیڈ کا عملہ پہنچ چکا تھا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایڈیشنل سیکرٹری کالجز جہانزیب مندوخیل، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد اور پرنسپل سائنس کالج محمد عظمت نے سائنس کالج میں آتشزدگی واقعہ سے متعلق تحقیقات کے لئے قائم کی جانے والی کمیٹی کی رپورٹ پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ آتشزدگی سے کالج کا تمام ریکارڈ محفوظ رہا جبکہ سائنس کالج میں آگ لگنے کی بنیادی وجہ شارٹ سرکٹ ہے۔ ان خیالات کا اظہار .......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

انہوں نے سوموار کو سائنس کالج میں تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ میڈیا کو پیش کرتے ہوئے پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر دیگر ذمہ داران بھی موجود تھے۔ جہانزیب مندوخیل، ڈپٹی کمشنر سعد بن اسد پرنسپل محمد عظمت نے کہا کہ سائنس کالج میں وقوعہ کے روز آگ رات 2 سے ڈھائی بجے کے درمیان لگی اور کالج میں موجود چوکیدار کو جب آگ کا پتہ چلا اور پولیس کنٹرول کو ملنے والی آگ کی اطلاع کی 15 منٹ بعد فائر بریگیڈ کا عملہ جائے

INTEKHAB QUETTA

## وفاق اور صوبائی حکومتوں سے سالانہ ترقیاتی پلان کی سمری طلب

حکومتیں پیسے ضرور خرچ کریں لیکن شفافیت ہونی چاہیے ترقیاتی اسکیمز انفرادی شخصیات کی بنیاد پر نہ چلائی جائیں، چیف جسٹس

ضیاء الحق نے اراکین اسمبلی اور سینیٹرز کے لیے ترقیاتی فنڈز کے نام پر پیسے دینے کی روایت شروع کی ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے وفاق اور صوبائی حکومتوں سے سالانہ ترقیاتی پلان کی سمری طلب کرلی۔ وفاق اور چاروں صوبوں میں ترقیاتی فنڈز کے معاملے سے متعلق کیس میں عدالت نے بلاک مختص کردہ اسکیمز یا امبریلا اسکیمز کی تفصیلات بھی طلب کر لیں۔ عدالت نے حکم دیا کہ حالیہ منظور شدہ بجٹ کی سالانہ ترقی پلان سمری فنانس سیکریٹری یا چیف سیکریٹری کے دستخط سے پیش کیے جائیں۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے ریمارکس دیے کہ ہم عوامی پیسے کے تحفظ کے تناظر میں کیس سن رہے ہیں، حکومتیں پیسے ضرور خرچ کریں لیکن شفافیت ہونی چاہیے جس کا مطلب یہ ہے کہ ترقیاتی اسکیمز انفرادی بقیہ نمبر 37 صفحہ 5 پر

شخصیات کی بنیاد پر نہ چلائی جائیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 4

Dated: 17 SEP 2024

Page No. 11

## فائرنگ میں 2 جاں بحق، بس الٹ گئی، 14 فورسز اہلکار زخمی

### گنداخہ اور نوتال میں فائرنگ، فورسز کی بس کوسٹل ہائی پر حادثے کا شکار ہوئی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر/ نیوز ایجنسیاں) بلوچستان کے علاقے گنداخہ اور نوتال میں فائرنگ سے دو افراد جاں بحق، اور ماڑہ میں سیکورٹی فورسز کی بس الٹنے سے 14 اہلکار زخمی ہوگئے، پولیس کے مطابق پیر کے روز گنداخہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے گرلز سکول گنداخہ کا ملازم عتیق اللہ جاں بحق ہوگیا، پولیس نے نعش ہسپتال منتقل کر کے ضابطہ کی کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی، پولیس کے مطابق نوتال میں زمین کے تنازعہ پر دو گروہوں کے درمیان ہونے والے مسلح تصادم کے نتیجے میں جمن پلال جاں بحق ہوگیا، بلوچستان کے ساحلی علاقے اور ماڑہ میں کوسٹل ہائی وے پر بزی ٹاپ کے مقام پر سیکورٹی فورسز کی بس کے بے قابو ہو کر الٹ جانے کے نتیجے میں 14 اہلکار زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 17 SEP 2024 Page No. 12

## تنخواہوں اور پنشن میں تاخیر، جامعہ بلوچستان کے ملازمین ایک بار پھر سراپا احتجاج

**مین گیٹ کے قریب علامتی بھوک ہڑتالی کیمپ قائم کر دیا گیا، مالی بحران ختم کیا جائے، مقررین**

کوئٹہ (پ ر) اکیڈمک سٹاف ایسوی ایشن جامعہ بلوچستان کے زیر اہتمام جامعہ بلوچستان و ریسرچ سینٹرز کو درپیش سخت مالی و انتظامی بحرون کے مستقل حل کے لئے گزشتہ روز سے جامعہ بلوچستان کے اساتذہ کرام نے علامتی بھوک ہڑتالی کیمپ جامعہ بلوچستان کے مین گیٹ کے سامنے شروع کر دیا۔ بھوک ہڑتال میں پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بڑیچ، پروفیسر فرید خان اچکزئی، میڈم زارا صلغانی، پروفیسر ہاشم جان کھوسو اور مسعود مندوخیل شریک ہوئے۔ اساتذہ نے بھوک ہڑتال تنخواہوں اور پنشنز کی عدم ادائیگی اور مالی بحران کے مستقل حل کے لئے کی۔ بھوک ہڑتال کرنے والے اساتذہ نے کہا کہ انتہائی افسوسناک بات ہے کہ جامعہ بلوچستان کے اساتذہ کو تنخواہوں پنشن سے محروم رکھا گیا ہے بلوچستان کی صوبائی حکومت نے اپنے 850 ارب روپے کی سالانہ بجٹ میں صوبے کی تمام یونیورسٹیوں کے لئے صرف 5 ارب روپے کی انتہائی قلیل رقم مختص کئے حکومت سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے جامعہ بلوچستان اسکے ریسرچ سینٹرز سمیت دیگر جامعات کو درپیش سخت مالی بحران کو مستقل طور پر حل کرنے کے لئے اقدامات کرے۔

Century Express Quetta

## آفت زدہ قلعہ سیف اللہ کے متاثرین دفتر کے چکر لگانے پر مجبور

**اریگیشن آفس میں ماسوائے چوکیدار کے کوئی نہیں، دوسرے محکموں کا بھی یہی حال**

قلعہ سیف اللہ (نمائندہ ایکسپریس) قلعہ سیف اللہ ڈپٹی کمشنر، ضلعی انتظامیہ، محکمہ زراعت، ایجوکیشن، ڈی ایچ او دفتر کے علاوہ اکثر ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ مہینوں اپنے دفتروں سے غائب، خاص کر اکیسین اریگیشن آفس میں صرف چوکیدار کے سوا اور کوئی ذمہ دار موجود نہیں بلکہ آفت زدہ سیلاب زدگان درخواستیں لے کر خالی دفتر کے چکر لگانے پر مجبور شام واپس مایوس ہو کر گھروں چلے جاتے ہیں ضلع کے اکثر محکمے مفلوج ہیں۔ غریب سیلاب زدہ عوام نے حکام بالا، وزیر اعلیٰ، چیف سیکرٹری اور تمام محکمہ جات کے سیکرٹریز سے مطالبہ کیا کہ متعلقہ افسران کی دفتری اوقات میں حاضری کو یقینی بنایا جائے غیر حاضر افسروں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 6

Dated 17 SEP 2024.

Page No. 13

## بس حادثہ

بلوچستان کے ضلع ژوب میں ڈی آئی خان قومی شاہراہ پر دانہ سر کے قریب اسلام آباد سے کوئٹہ جانے والی مسافر بس حادثے کا شکار ہوگئی۔ جس کے نتیجے میں ڈرائیور سمیت 7 مسافر جاں بحق اور 24 زخمی ہوگئے۔ لیویز کے مطابق حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا اور بس گہری کھائی میں جاگری۔ زخمیوں کو ضلعی ہیڈکوارٹر اسپتال ژوب منتقل کردیا گیا۔ پاکستان میں بڑھتے ہوئے ٹریفک حادثات پر غور کیا جائے تو ان کی وجوہات میں تیز رفتاری، لاپروائی، تکنیکی خرابیاں، زائد المیعاد گاڑیاں اور شہری آبادیوں میں ٹریفک سگنل توڑنا جبکہ سنگلاخ اور دورافتادہ علاقوں میں غیر ہموار اور غیر محفوظ راستے بڑ صوبائی اور مقامی انتظامیہ کی مناسب توجہ کے متقاضی ہیں۔ خلاف قانون عموماً ایک ہی ڈرائیور طویل مسافت دن رات مسلسل سفر کی صورت میں طے کرتا ہے جبکہ راستے میں بس کے تکنیکی معائنے کا کوئی نظام دیکھنے میں نہیں آتا۔ گزشتہ دنوں بلوچستان میں 48 گھنٹے میں ہونیوالے مسافر بسوں کے دو حادثات کے پیچھے بھی یہی صورتحال کارفرما تھی۔ ملک میں محفوظ سفر کے حوالے سے جو ٹریفک آرڈی ننس موجود ہیں، ان میں قومی وہیکل آرڈی ننس 1965، 1969، اور 2000ء شامل ہیں جو پرانے ہوچکے ہیں اور ان کے اکثر مندرجات میں ترمیم کرنے کی ضرورت ہے۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو چاہئے کہ مشترکہ لائحہ عمل طے کرتے ہوئے بین الصوبائی روڈ سیفٹی ایکشن پلان ترتیب دیے جائیں۔ ڈرائیونگ لائسنس کا اجرا اور تجدید کرنے کے تناظر میں طبی معائنے کے طریق کار پر بھی نظرثانی کی جانی چاہئے۔ ڈی آئی خان شاہراہ پر اس سے پہلے بھی کئی حادثات ہوچکے ہیں جن میں اسلام آباد میں زیر تعلیم طالب علموں کی اکثریت دیکھنے میں آئی۔ حادثات کی نوعیت دیکھتے ہوئے ان کے حتی الوسع تدارک کیلئے متعلقہ حکام کو فول پروف انتظامات بروئے کار لانے چاہئیں۔

CLIPPING SERVICE P-1

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6 Dated: 17 SEP 2024 Page No. 14

# Plastic Pollution in Quetta

Quetta stands at a critical juncture. The alarming scale of plastic pollution threatens not only the health of its residents but also the integrity of its environment. To safeguard the future of this remarkable city, we must prioritize sustainable practices, increase public awareness, and advocate for effective waste management policies. The time for action is now; otherwise, we risk entrenching future generations in a cycle of plastic pollution and environmental degradation. Quetta a city with immense potential deserves better; it's time we act to reclaim our environment from the clutches of plastic waste. Plastic pollution does not stop at physical obstruction; it also contributes to the degradation of air quality. The burning of plastic waste a common practice due to the lack of waste disposal options releases toxic fumes and particulate matter into the atmosphere. These pollutants are known to aggravate respiratory diseases such as asthma and chronic obstructive pulmonary disease (COPD), exacerbating the health issues that plague many residents of Quetta. According to health professionals, the frequency of respiratory ailments in the region has risen dramatically, correlating with increased plastic waste and related air pollution. The link between environmental conditions and public health has never been clearer; unless we address the plastic epidemic, we risk the health of the population.

One of the most significant consequences of rampant plastic pollution in Quetta is the blocking of sewerage systems. As plastics pile up in drainage systems, they impede the flow of wastewater, leading to rampant flooding during the rainy season. Streets turn into rivers of filth, affecting not only transportation but also public health. Residents are exposed to stagnant water, which becomes a breeding ground for mosquitoes and other disease-carrying pests. This results in a heightened risk of infectious diseases, compounding the public health challenges already faced by many in the city. Local governance must enforce stricter regulations on plastic manufacturing and distribution. Policies that incentivize the use of biodegradable materials and impose taxes or bans on single-use plastics can discourage reliance on plastic products. Partnerships with NGOs and private sectors can also facilitate innovative solutions and fund initiatives aimed at reducing plastic waste. Collaboration among local, provincial, and national authorities is crucial for a unified response. Plastic pollution is not merely a local issue but part of a larger environmental crisis impacting the planet.

CamScanner